اسلامیات

القرآن

سلیبس کے مطابق پہلی سہ ماہی یاد کرنی ہے۔

اللہ تعالیٰ پر ایمان

سوال ۱: اللہ تعالیٰ نے ہمیں کون کون سی نعمتیں دی ہیں؟

جواب: اناج، پھل، سبزیاں، دودھ، پانی وغیرہ

سوال ۲: اللہ تعالیٰ کا شکر کیسے ادا کرنا چاہیے؟

جواب: شکر ادا کرنے کا سب سے اچھا طریقہ یہ ہے کہ ہم اچھے کام کریں اور برے کاموں سے دور رہیں۔

سوال ۳: اللہ تعالیٰ نے دنیا میں پیغمبر کیوں بھیجے؟

جواب: انسانوں کو سیدھا راستہ دکھانے کے لیے۔

سوال ۴: ہم دنیا اور آخرت میں کیسے کامیاب ہو سکتے ہیں؟

جواب: حضرت محمد ﷺ کی بتائی ہوئی تمام باتوں کو سچے دل سے مان کر کامیاب ہو سکتے ہیں۔

سوال ۵: قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے کون سی باتیں بتائی ہیں؟

جواب: نیکی کی، ہدایت کی اور رہنمائی کی باتیں بتائی ہیں۔

سوال ۶: قرآن مجید کو ترجمے کے ساتھ پڑھنا کیوں ضروری ہے؟

جواب: قرآن مجید کو سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کے لیے اس کا ترجمہ پڑھنا ضروری ہے۔

سوال ۷: طہارت کے کیا معنی ہیں؟

جواب: طہارت کے معنی پاک، پاکیزہ اور صاف ستھرا رہنے کے ہیں۔

سوال ۸: وضو کرنے کے کیا فائدے ہوتے ہیں؟

جواب: وضو کرنے سے ہم کئی بیماریوں سے بچ سکتے ہیں۔

سوال ۹: طہارت کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب: طہارت کی دو قسمیں ہیں۔ (الف) باطنی طہارت (ب) ظاہری طہارت

سوال ۱۰: روزہ اسلام کا کونسا رکن ہے؟

جواب: روزہ اسلام کا تیسرا رکن ہے۔

سوال ۱۱: فرض روزے کب رکھے جاتے ہیں؟

جواب: فرض روزے رمضان کے مہینے میں رکھے جاتے ہیں۔

سوال ۱۲: عرب کے معزز گھرانے بچوں کو پرورش کے لیے کہاں بھیجا کرتے تھے؟

جواب: عرب کے معزز گھرانے بچوں کو پرورش کے لیے شہر سے باہر دیہات کی کھلی فضا میں بھیج دیا کرتے تھے۔

سوال ۱۳: حضور اکرم ﷺ کو پرورش کے لیے کس کے ساتھ بھیجا گیا؟

جواب: حضور اکرم ﷺ کو پرورش کے لیے ایک نیک دل خاتون دائی حلیمہ کے ساتھ بھیجا گیا۔

سوال ۱۴: والدہ کے انتقال کے بعد آپ ﷺ کی پرورش کس نے کی؟

جواب: والدہ کے انتقال کے بعد آپ ﷺ کی پرورش آپ ﷺ کے دادا حضرت عبد المطلب نے کی۔

Note: Islamiat work given above will be done as it is on Islamiat school copy.